رول نمبر: ____________

جماعت نہم

# اُردو لازمی (حصہ انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:10 گھنٹے　　کل نمبر: 60

## ( حصہ اوّل )

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم) (i) ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ　　ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

(ii) سبزوں کی لہلہاہٹ ، کچھ ابر کی سیاہی　　اور چھا رہی گھٹائیں سرخ اور سفید کاہی

(iii) جو بےداغ لالہ ، جو بےخار گُل ہے　　وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے

(iv) قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اِس سے سوا تیرا　　اک بندۂ نافرماں ہے حمد سرا تیرا

(حصہ غزل) (v) لگتا نہیں ہے دِل مرا اُجڑے دیار میں　　کِس کی بنی ہے عالمِ ناپائیدار میں

(vi) ہم کو اُن سے ، وفا کی ہے اُمید　　جو نہیں جانتے ، وفا کیا ہے

(vii) نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے　　پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

## ( حصہ دوئم )

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنّف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 10

(الف) حضرت ابو بکرؓ سے پہلے قرارداد ہو چکی تھی۔ دونوں صاحب پہلے جبلِ ثور کے غار میں جا کر پوشیدہ ہوئے۔ یہ غار آج بھی موجود ہے اور بوسہ گاہِ خلائق ہے۔

(ب) شمالی دیوار کے ساتھ لگی ہوئی دونوں الماریوں میں مجلد کتابیں۔ کارنیس اور تپائیوں کے اوپر تر و تازہ پھولوں سے مزیّن گل دان، دروازے اور کھڑکیوں پر ریشمی پردے۔ وسط میں ایزل پر کینوس جو ابھی تک سادہ اور صاف ہے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے: 10

(i) مصنف کا بنگلا کس روڈ پر تھا؟

(ii) مزاحیہ اور طنزیہ تحریر میں کیا فرق ہے؟

(iii) ڈراما "لہو اور قالین" میں کونسا موسم دکھایا گیا ہے؟

(iv) سیّد امتیاز علی تاج نے ریڈیو پر کونسا پروگرام شروع کیا؟

(v) غارِ ثور میں قیام کے دوران حضرت ابو بکر صدیقؓ کے غلام نے کیا خدمت کی؟

(vi) عہدِ خزاں کس کے واسطے لازوال ہے؟

(vii) شاعر کے لئے باعثِ حرمت کیا ہے؟

(viii) کون مشتاق ہے اور کون بے زار ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (i) نصوح اور سلیم کی گفتگو (ii) قدرِ ایاز 05

6۔ نصاب میں شامل نظم "برسات کی بہاریں" کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام لکھیے۔ 05

7۔ اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام بیماری کی رخصت کے لئے درخواست لکھیے۔ -- یا -- 10

چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں اُسے اچھی صحبت اختیار کرنے کے لئے نصیحت کیجیے۔

8۔ "سچ کی برکت" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ -- یا -- دو ہم جماعتوں کے درمیان پڑھائی میں مدد کے لئے مکالمہ تحریر کیجیے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 05

(i) طبیعت نے چاہا تو ضرور چلا جاؤں گا۔ (ii) اسامہ نے بچہ کو اس کی ماں کو دیا۔ (iii) میں نے فرحان دیکھا۔

(iv) عورتوں نے کہاں ہم آگئی ہیں۔ (v) خون سرخ ہونا۔

-- یا --

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) آدمی کا شیطان ____ (ii) پاک ____ (iii) رات گئی ____ (iv) شیخی اور ____ (v) صورت نہ شکل ____